پریس ریلیز

نیسلے اور پی سی ایس آئی آر کا عالمی یومِ صحت پر سیمینار کا انعقاد

Nestlé
Good Food, Good Life

لاہور(06 اپریل 2015ء) نیسلے پاکستان غذائی تحفظ کے حوالے سے پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ (پی سی ایس آئی آر) کی شراکت میں عالمی یومِ صحت پر ایک سیمینار کا انعقاد کرے گی۔

ماہِ اپریل کے آخر میں منعقد کئے جانے والے سیمینار کا موضوع عالمی یومِ صحت پر رواں سال کے موضوع کے مطابق Food Safety ہوگا۔

عالمی ادارۂ صحت کے تخمینے کے مطابق، غیر محفوظ غذا، جو کہ نقصان دہ وائرس، بیکٹیریا، طفیلیئے (پیراسائٹس) اور کیمیائی اجزاء سے آلودہ ہوتی ہے، عالمی طور پر 200 سے زائد بیماریوں کا سبب اور دنیا بھر میں تقریباً 2 ملین اموات سالانہ کی وجہ بنتی ہے۔

نیسلے پاکستان ٹیکنیکل کے سربراہ، نوید احمد خان نے اس موقع پر کہا: ''نیسلے پاکستان کے لئے اپنی مصنوعات کا معیار اور ان کا تحفظ اولین ترجیح ہوتا ہے۔ ہمارے نزدیک غذائی تحفظ پوری ویلیو چین (کھیتوں سے لے کر کھانے کی میز تک) کو محفوظ بنانا ہے۔ ہم کسانوں اور فراہم کنندگان سے شروع ہونے والے ہر قدم پر غذائی تحفظ کو یقینی بناتے ہیں جن میں خام غذائی اشیاء اور پیکنگ مٹیریل کی وصولی، تیاری، فلنگ اور پیکنگ سمیت حتمی طور پر اسٹوریج اور تقسیم پر سخت کوالٹی ایشورنس (معیار کا یقین) اور آڈٹنگ (جانچ) کے عمل کی پیروی کی جاتی ہے۔'' نوید احمد نے مزید کہا: ''کمپنی اپنی مصنوعات کے عالمی سطح پر غذائی معیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کی خاطر پورے سال میں ان کے 100 ملین ٹیسٹ (جانچ) کرتی ہے۔''

پی سی ایس آئی آر کے ڈائریکٹر جنرل (لاہور)، ڈاکٹر شہزاد عالم نے غیر محفوظ کھانے کے بارے میں کہا: ''یہ 'ایک سنگین مسئلہ' ہے جس کو حل کرنے کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے مجموعی اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ میں غذائی تحفظ کے حوالے سے اس سیمینار کے انعقاد پر نیسلے پاکستان کی کوششوں کی تعریف کرتا ہوں۔ اس سیمینار کے ذریعے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز مل کر اس مسئلے سے نمٹنے کے بارے میں بات کر سکیں گے۔''

پبلک و پرائیویٹ اداروں کے نمائندے اس سیمینار میں شرکاء اور مقررین ہوں گے۔

نیسلے پاکستان غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ک Key Opinion Leaders کو اپنے کارخانوں کا دورہ کرائے گا۔ مزید برآں، کمپنی غذائی تحفظ کے کورس متعارف کرانے کے لئے تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کر رہی ہے۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹرِشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔ نیسلے پاکستان جن آبادیوں میں کام کرتا ہے وہاں تعلیم، غذائیت، پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کر کے مشترکہ اقدار پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں، نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے 190,000 سے زائد کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجیے:

عاتکہ میر خان
کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر، نیسلے پاکستان
موبائل: 042-35988119
ای میل aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com